# NEW AL WUROOD INTERNATIONAL SCHOOL, JEDDAH

**(PEEVEES GROUP OF SCHOOLS, K.S.A.)**
Affiliated to CBSE – New Delhi.

## SUMMATIVE ASSESSMENT- 2 (2016 -2017)

**Subject:Urdu SL**

**Date:08.03.2017** — **Time: 2 ½ Hours**

**Class: VIII Sec: ____** — **Max. Marks: 90**

**Name: ______________________** — **Roll No. : ______**

ہدایات برائے سوال نامہ

1۔ یہ سوال نامہ چھ صفحات پر مشتمل ہے۔

2۔ تمام سوالات کے سامنے ان کے نمبر دیئے گئے ہیں اور تمام سوالات کے جوابات دینا لازمی ہیں۔

3۔ تمام جوابات ترتیب وار لکھیں، حصہ اور سوال نمبر صاف واضح لکھیں۔

4۔ امتحانی مرکز چھوڑنے سے پہلے جوابی کاپی ممتحن کے حوالے کریں۔

(حصہ الف 35 نمبر)

س 1۔ دی گئی غیر درسی عبارت کو پڑھ کر اس سے متعلق سوالات کے صحیح جواب لکھیں۔(5)

قرۃ العین حیدر کی ولادت 20 جنوری 1928 کو علی گڑھ میں ہوئی۔ ان کی ابتدائی زندگی کے چند سال جزیرہ پورٹ بلئیر میں گزرے۔ ان دنوں یلدرم وہیں تعینات تھے۔ ابتدائی تعلیم دہرہ دون میں ہوئی۔ لکھنؤ کے مشہور ازابیلا تھوبرن کالج سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی اور لکھنؤ یونیورسٹی سے 1947 میں انگریزی ادب میں ایم۔ اے کیا۔ صرف گیارہ سال کی عمر میں قرۃ العین حیدر نے بچوں کے لیے پہلی کہانی لکھی جو 'بی چوہیا' کے نام سے 1937 میں رسالہ 'پھول' (لاہور) میں شائع ہوئی۔ پانچ سال بعد دوسری کہانی 'یہ باتیں' لاہور کے مشہور رسالہ 'ہمایوں' میں چھپی۔

1۔ قرۃ العین حیدر کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

2۔ ان کی ابتدائی زندگی کے چند سال کہاں گذرے؟

3۔ قرۃ العین حیدر نے لکھنؤ یونیورسٹی سے کون سی ڈگری لی؟

4۔ ان کی پہلی کہانی کا کیا نام تھا؟

5۔ ان کی دوسری کہانی کون سے رسالہ میں چھپی؟

س 2۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔ (10)

1۔ یوم آزادی 2۔ ہمارا اسکول

س 3۔ اپنے والد صاحب سے رقم منگوانے کے لیے خط لکھیں۔ (7)

س 4۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔ (کوئی چار)۔ (4)

1۔ مشتاق علی کس ٹیم کی جانب سے کرکٹ کھیلتے تھے؟

2۔ بہادر شاہ ظفر نے فوج کی کمان کس جنرل کو سونپی؟

3۔ پہلی جنگ آزادی کو انگریزوں نے کیا نام دیا؟

4۔ چڑیا اپنا گھونسلہ کیسے بناتی ہے؟

5۔ ابن سینا کی مشہور کتاب کا نام لکھیں؟

س5۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ کو دیئے گئے مناسب الفاظ سے پر کریں۔ (5)

میٹھے لفافہ مکان گھونسلہ دوستی

1۔ چڑیا بڑی محنت اور لگن سے اپنا __________ بنانے میں لگی ہوئی تھی۔

2۔ انسان کی بنیادی ضرورتیں روٹی کپڑا اور __________ ہیں۔

3۔ چڑیا اپنی چونچ میں مالک کا ایک __________ لے کر آئی اور دروازے پر گرا دیا۔

4۔ چڑیوں اور انسانوں کی __________ صدیوں سے چلی آرہی ہے۔

5۔ چڑیا کی چوں چوں دنیا کے بہت سے __________ نغموں میں سے ایک ہے۔

س6۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعل چن کر بریکٹ میں لکھیں۔ (4)

1۔ ہندوستانی فوجیوں نے انگریزوں کو دلی سے بھگا دیا۔ ()

2۔ بہادر شاہ ظفر کو اپنا بادشاہ تسلیم کیا۔ ( )

3۔ ہندستانی سپاہیوں نے ڈٹ کر انگریزوں کا مقابلہ کیا۔ ( )

4۔ بہادر شاہ ظفر کے باقیات ہندوستان لے جائے جائیں۔ ( )

(حصہ ب 25)

س7۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (5)

مداح وقار سپہ سالار نجات حیرت زدہ

س8۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔ (5)

گوارا احتجاج اعزاز سراہنا حیرت میں پڑنا

س9۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔ (5)

موت آزادی کامیاب خراب جواب

س10۔ نیچے دیئے گئے الفاظ کے واحد لکھیں۔ (5)

علما محققین انعامات اغراض تجربات

س11۔ ہر لفظ کے آخر میں 'ا' اور 'ت' لگا کر جمع بنائیں۔ (5)

تفصیل +ات =

تفریح +ات=

ایجاد +ات=

انعام +ات=

تعمیر +ات=

(حصہ ج 20 نمبر)

س12۔ دی گئی درسی عبارت کو پڑھ کر اس سے متعلق سوالات کے صحیح جواب لکھیں۔ (5)

بو علی سینا اس زمانے کے سائنس دان تھے جب اس علم نے زیادہ ترقی نہیں کی تھی۔ انہوں نے اپنی محنت، لگن اور ذہانت سے سائنس کو بہت فروغ دیا۔ ابن سینا بخارا کے قریب ایک قصبے میں پیدا ہوئے۔ ان کی باقاعدہ تعلیم کی ابتدا 6 سال کی عمر میں ہوئی۔ دس سال کی عمر میں قرآن شریف حفظ کیا۔ اس کے بعد ریاضی، فلسفہ اور فلکیات کی تعلیم ایک مشہور عالم عبداللہ الناتلی سے حاصل کی۔ انہوں نے طب پر بہت سی کتابیں لکھیں جن میں سب سے زیادہ مشہور کتاب 'القانون' ہے۔ ابن سینا نے اپنی ساری زندگی سائنس کے لیے وقف کر دی۔

1۔ ابن سینا کہاں پیدا ہوئے؟

2۔ ابن سینا کس زمانے کے سائنس دان تھے؟

3۔ انہوں نے مشہور عالم عبداللہ الناتلی سے کون سی تعلیم حاصل کی؟

4۔ ابن سینا کی مشہور کتاب کا نام لکھیں؟

5۔ انہوں نے سائنس کو کیسے فروغ دیا؟

س13۔ درج ذیل مصرعوں کو پڑھ کر ان کے جواب دیں۔ (5)

مستی لٹا رہی ہیں بڑھتی ہوئی گھٹائیں

جنگل سے آ رہی ہیں کیا مدبھری ہوائیں

اس دور کی ہوا کو

نیرنگی فضا کو

مے کا اثر دیا ہے

ابر بہار تو نے

1۔ بڑھتی ہوئی گھٹائیں کیا کر رہی ہیں؟

2۔ جنگل سے کیا آ رہا ہے؟

3۔ ہوا کو مے کا اثر کس نے دیا ہے؟

4۔ جنگل کا متضاد کیا ہے؟

5۔ اس دور کی ______ کو؟

س14۔ جوڑ ملایئے۔ (5)

| الف | ب |
|---|---|
| چڑیا | سبزہ |
| کوئل | پانی |
| پھول | کوکو |
| چشمہ | چہچہانا |
| برسات | خوشبو |

س15۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5)

1۔ پہلی جنگ آزادی کا سپہ سالار 2۔ چوں چوں بیگم

مدرسة الورود الجديدة العالمية بجدة
قسم البنات
تحت إشراف وزارة التربية والتعليم
New AL WUROOD INTL SCHOOL-JEDDAH
Affiliated to CBSE New delhi
Affiliation No. 5730008